
22

# دایاں۔ بایاں

نیچے ایک ہاتھ کی تصویر بنی ہے۔ اس پر اپنی ہتھیلی رکھو۔ انگوٹھے پر انگوٹھا اور انگلیوں پر انگلیاں۔



© NCERT not to be republished

تم نے اپنا جو ہاتھ تصویر پر رکھا ہے وہ تمہارا دایاں ہاتھ ہے۔ اب اپنا دوسرا ہاتھ کاپی کے صفحے پر رکھو اور بائیں ہاتھ سے اس کے کنارے پینسل چلا کر تصویر بناؤ۔

اس بار تم نے جس ہاتھ کی تصویر بنائی ہے وہ تمہارا بایاں ہاتھ ہے۔

## آؤ، ایک گانا گائیں

کرو دایاں ہاتھ آگے، کرو دایاں ہاتھ پیچھے،
کرو یہ اوپر نیچے اور تھوڑا مسکراؤ۔
آئے گا... پھر مزہ...
کرو دایاں ہاتھ آگے، کرو دایاں ہاتھ پیچھے،
کرو یہ اوپر نیچے اور تھوڑا مسکراؤ۔
آئے گا... پھر مزہ...

اسی طرح اب دائیں پیر اور بائیں پیر کے لئے بھی گاؤ۔


- اب دیکھو اور بتاؤ کہ کلاس میں ـــ
- تمہارے بائیں طرف کیا ہے؟
- تمہارے پیچھے کیا کیا ہے؟
- تم کس کے بائیں طرف بیٹھے ہو؟
- تمہارے دائیں طرف کیا ہے؟
- تمہارے دائیں طرف کون بیٹھا ہے؟
- تمہارے آگے کیا ہے؟
- تم کس کے دائیں طرف بیٹھے ہو؟

اشاروں و حرکات کے ساتھ گانے میں بچوں کو لطف آئے گا وہ دایاں بایاں، اوپر نیچے، آگے پیچھے خود اپنے تجربے سے سیکھیں گے۔

© NCERT not to be republished

* یہ ایک تصویر ہے جس میں رُوچِرا درمیان میں ہے۔ اب تم اسی میں تصویر بناؤ۔

- رُوچِرا کے پیچھے کتاب
- رُوچِرا کے آگے پیڑ
- روچِرا کے دائیں طرف کسی جانور کی تصویر
- رُوچِرا کے بائیں طرف کرسی



© NCERT not to be republished



رُوچِرا کو گھر سے اسکول پہنچاؤ۔

تصویر میں اسکول دیکھو۔ گھر سے اسکول تک کا راستہ بھی تلاش کرو۔ اب رُوچِرا کے گھر سے اسکول تک کا راستہ رنگین پینسل سے دکھاؤ۔




© NCERT not to be republished

* رُوِچرا کو گھر سے اسکول تک کے راستے میں کون کون سی جگہیں ملیں گی؟ ان کے نام لکھو۔

______ ______ ______ ______

______ ______ ______ ______

______ ______ ______ ______

* ان میں سے کون سی چیزیں دائیں طرف ملیں گی اور کون سی بائیں طرف؟


| دائیں طرف | بائیں طرف |
|---|---|
| | |
| | |
| | |
| | |
| | |
| | |


* رُوِچرا کو گھر سے اسکول جاتے وقت کل کتنی بار مُڑنا پڑے گا؟

______

اگلے صفحہ پر ایک تصویر بنی ہے۔ یہ تصویر پہلے دی گئی تصویر کا چھوٹا نمونہ ہے۔ اس میں جگہوں کی تصویروں کے بجائے کچھ نشانات بنے ہیں۔ ایسی تصویر کو نقشہ کہتے ہیں۔ نشانوں کو پہچانو اور جگہوں کے نام لکھو۔

© NCERT not to be republished





کیا تم بتا سکتے ہو کہ یہ نشانات کیوں بنائے جاتے ہیں؟

© NCERT not to be republished

نیچے ایک فہرست بنی ہے۔ اس میں تم اپنی مرضی سے کچھ نشان (اشارے) بناؤ۔ یہ نشان پہلے والے نشانوں سے مختلف بنانا۔ اب اپنے بنائے نشانوں کو نقشے میں بھی بناؤ۔

رُوچِرا کا گھر

اسکول

ڈاکخانہ

پیڑ

اسپتال


بس اسٹاپ

کنواں

دکان

پھاٹک۔ دروازہ

گھر



© NCERT not to be republished

نقشوں میں نشان بنانے کی ضرورت کو واضح کرنا اور بچوں کے بنائے گئے نشانوں پر گفتگو کرنا دلچسپ اور مفید مشغلہ ہوگا۔


صفحہ 149 میں تم نے اسپتال پر ' + ' کا نشان دیکھا ہوگا۔ اس نشان کی مدد سے بغیر پڑھے ہی اسپتال کو پہچانا جاسکتا ہے۔

ایسے اور کون کون سے نشان تمھیں اپنے آس پاس دکھائی دیتے ہیں؟ ان کی تصویریں بناؤ۔ وہ کیا دکھاتے (ظاہر کرتے) ہیں۔ یہ بھی لکھو۔

| کیا ظاہر کرتی ہے | تصویر |
|---|---|
| | |
| | |
| | |
| | |
| | |
| | |

© NCERT
not to be republished

* نقشے میں دکھائے گئے نشانوں کی فہرست بنی ہے۔ دھیان سے دیکھو اور لکھو۔




© NCERT not to be republished

- نقشے میں کتنے گھر ہیں؟ ______________________
- نقشے میں کتنی دوکانیں ہیں؟ ______________________
- نقشے میں کتنے پیڑ ہیں؟ ______________________

- نقشے میں کتنے ہینڈ پمپ ہیں؟ ____________________
- اسکول ڈاک خانے کے پاس ہے یا اسپتال کے پاس؟ ____________
- بس اسٹاپ کے پاس کیا ہے؟ ____________________
- اگر نقشے کے ساتھ فہرست نہ ہوتی تو کیا تم نقشہ پڑھ پاتے؟ __________

____________________________________

- ریاضی میں جو نشانات تم نے سیکھے ہیں اُنہیں لکھو۔

__________ __________ __________

__________ __________ __________

© NCERT not to be republished